Daily AQ TIMES ISLAMABAD

Editor in Chief: Waseem Qureshi

Vol: 01 Issue: 278 Pages: 4 Price: 20 Wednesday December 10 2025



**President confers Nishan-e-Pakistan to Indonesian President**

**Pakistan, Indonesia reaffirm to further strengthen cooperation in all areas of mutual interest**



# Encouragement for outstanding performance fosters a spirit of healthy competition — Federal Ombudsman



**Islamabad**
**Waseem Qureshi**

Federal Ombudsman Ejaz Ahmed Qureshi has said that appreciating and awarding those who demonstrate outstanding performance within institutions helps promote a spirit of competition and enhances work efficiency. He was addressing a simple yet dignified ceremony held at the Lahore Regional Office of the Federal Ombudsman Secretariat, where officers and staff from the regional offices of Punjab were awarded for their exceptional performance during the year 2025.

Officers and award recipients from the regional offices of Lahore, Faisalabad, Sargodha, Multan, Bahawalpur, Gujranwala, Sahiwal, and Dera Ghazi Khan participated in the ceremony. Addressing the officers and staff of the institution, the Federal Ombudsman said that they should continue to serve with the same spirit so that public complaints can be resolved promptly and people's trust in the institution remains intact.

Speaking to media representatives after the ceremony, the Federal Ombudsman stated that disputes amounting to 9.46 billion rupees were resolved this year by the Federal Ombudsman of Pakistan.

During the briefing at the ceremony, it was disclosed that the regional offices of Punjab have resolved 102,189 complaints so far this year, which is 21.42% more than the previous year.

It is noteworthy that, for the first time in the history of the Federal Ombudsman's institution, individuals who demonstrated outstanding performance were awarded shields and certificates of appreciation. These awards were granted purely on merit and on the basis of consistently exceptional performance. For this purpose, a high-level committee of the Federal Ombudsman's Secretariat had set very strict criteria to assess the performance of officers and staff, including complaint handling, number of decisions made, organization of open courts, inspection of federal offices, and their positive outcomes.

ABC CERTIFIED CPL.NO583 ☆☆☆☆☆☆☆

ایمان والو: اللہ کی خاطر انصاف کی گواہی دینے کیلئے ڈٹ جایا کرو (القرآن)

روزنامہ

# انصاف

بانی
پروفیسر محمد امین جاوید
لاہور

چیف ایڈیٹر: جنید سلیم
ایڈیٹر: حافظ محمد اقبال

جلد نمبر 26 | بدھ 18 جمادی الثانی 1447ء 10 دسمبر 2025ء 26 مگھر 2081ب، صفحات 8 قیمت 20 روپے | شمارہ نمبر 16




## اعلیٰ کارکردگی پر حوصلہ افزائی سے مسابقت کا جذبہ پروان چڑھتا ہے۔ وفاقی محتسب

### وفاقی محتسب اعجاز احمد قریشی کا افسران اور عملے کو ایوارڈز دینے کی تقریب سے خطاب

لاہور (پ ر) وفاقی محتسب اعجاز احمد قریشی نے کہا ہے کہ اداروں میں اعلیٰ کارکردگی کا مظاہرہ کرنے والوں کی حوصلہ افزائی اور ایوارڈز سے کام کرنے میں مسابقت کا جذبہ پروان چڑھتا ہے۔ وہ گزشتہ روز وفاقی محتسب سیکرٹریٹ کے علاقائی دفتر لاہور میں وفاقی محتسب کے صوبہ پنجاب کے علاقائی دفاتر میں سال 2025ء کے دوران اعلیٰ کارکردگی کا مظاہرہ کرنے والے افسران اور عملے کو ایوارڈ دینے کے موقع پر ایک سادہ مگر پر وقار تقریب سے خطاب کر رہے تھے۔ تقریب میں علاقائی دفتر لاہور، فیصل آباد، سرگودھا، ملتان، بہاولپور، گوجرانوالہ، ساہیوال اور ڈیرہ غازی خان کے افسران اور ایوارڈ یافتگان نے شرکت کی۔ وفاقی محتسب نے ادارے کے افسران اور عملہ کو مخاطب کرتے ہوئے کہا کہ آپ لوگ اسی جذبے سے خدمات سرانجام دیتے رہیں۔ تاکہ عام آدمی کی شکایات کا جلد ازالہ ہو سکے اور ادارے پر لوگوں کا اعتماد قائم رہے۔ تقریب کے بعد وفاقی محتسب نے میڈیا کے نمائندوں سے گفتگو کرتے ہوئے بتایا کہ اس سال وفاقی محتسب پاکستان کی طرف سے 9.46 ارب روپے مالیت کے تنازعات کے فیصلے کئے گئے۔ تقریب میں بریفنگ کے دوران بتایا گیا کہ صوبہ پنجاب کے علاقائی دفاتر میں اس سال اب تک 102,189 شکایات کے فیصلے کئے گئے جو پچھلے برس کے مقابلے میں 21.42 فیصد زیادہ ہیں۔ واضح رہے کہ وفاقی محتسب کی تاریخ میں پہلی بار اعلیٰ کارکردگی کا مظاہرہ کرنے والوں کو شیلڈوں اور تعریفی اسناد سے نوازا گیا ہے۔ یہ ایوارڈز خالصتاً میرٹ اور تسلسل سے نمایاں کارکردگی کی بنیاد پر دیئے گئے۔

★★★ عوامی احساسات کا بے باک ترجمان ★★★

روزنامہ
چیف ایڈیٹر نیئر جمیل بٹ
ایڈیٹر زاہد اقبال چوہدری

# نوٹس

لاہور

جلد نمبر 29 | بدھ 10 دسمبر 2025ء، 18 جمادی الثانی 1447ھ 27 مگھر 2079 صفحات 04 قیمت 30 روپے | شمارہ نمبر 80

# اعلیٰ کارکردگی پر حوصلہ افزائی سے مسابقت کا جذبہ پروان چڑھتا ہے، وفاقی محتسب

## وفاقی محتسب اعجاز احمد قریشی کا افسران اور عملے کو ایوارڈز دینے کی تقریب سے خطاب

لاہور (طاہر ملک سے) وفاقی محتسب اعجاز احمد قریشی نے کہا ہے کہ اداروں میں اعلیٰ کارکردگی کا مظاہرہ کرنے والوں کی حوصلہ افزائی اور ایوارڈز سے کام کرنے میں مسابقت کا جذبہ پروان چڑھتا ہے۔ وہ گزشتہ روز وفاقی محتسب سیکرٹیریٹ کے علاقائی دفتر لاہور میں وفاقی محتسب کے صوبہ پنجاب کے علاقائی دفاتر میں سال 2025ء کے دوران اعلیٰ کارکردگی کا مظاہرہ کرنے والے افسران اور عملے کو ایوارڈ دینے کے موقع پر ایک سادہ مگر پروقار تقریب سے خطاب کر رہے تھے۔ تقریب میں علاقائی دفتر لاہور، فیصل آباد، سرگودھا، ملتان، بہاولپور، گوجرانوالہ، ساہیوال اور ڈیرہ غازی خان کے افسران اور ایوارڈ یافتگان نے شرکت کی۔ وفاقی محتسب نے ادارے کے افسران اور عملہ کو مخاطب کرتے ہوئے کہا کہ آپ لوگ اسی جذبے سے خد



مات سرانجام دیتے رہیں تاکہ عام آدمی کی شکایات کا جلد ازالہ ہو سکے اور ادارے پر لوگوں کا اعتماد قائم رہے۔ تقریب کے بعد وفاقی محتسب نے میڈیا کے نمائندوں سے گفتگو کرتے ہوئے بتایا کہ اس سال وفاقی محتسب پاکستان کی طرف سے 46.9 ارب روپے ما

لیت کے تنازعات کے فیصلے کیئے گئے۔ تقریب میں بریفنگ کے دوران بتایا گیا کہ صوبہ پنجاب کے علاقائی دفاتر میں اس سال اب تک 189,102 شکایات کے فیصلے کیئے گئے جو پچھلے برس کے مقابلے میں 42.21 فیصد زیادہ ہیں۔ واضح رہے کہ وفاقی محتسب کی تاریخ میں پہلی بار اعلیٰ کارکردگی کا مظاہرہ کرنے والوں کو شیلڈوں اور تعریفی اسناد سے نوازا گیا ہے۔ یہ ایوارڈز خالصتاً میرٹ اور تسلسل سے نمایاں کارکردگی کی بنیاد پر دیئے گئے جس کے لئے وفاقی محتسب کے ادارے کی ایک اعلیٰ سطحی کمیٹی نے افسران و عملے کی کارکردگی کا جائزہ لینے کے لئے کافی سخت معیارات مقرر کئے تھے جن میں شکایات کی وصولی، فیصلوں کی تعداد، کھلی کچہریوں کا انعقاد، وفاقی دفاتر کے معائنے اور ان کے مثبت اثرات وغیرہ شامل تھے۔

Member APNS Email:mashriqdak@gmail.com / mashriqnews3@gmail.com

سچ اور سچ کے سوا کچھ نہیں ! ABC CERTIFIED باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت

وہی ہے مشرق و مغرب کا مالک (القرآن)

روزنامہ مشرق لاہور

چیف ایگزیکٹو حاجی شوکت علی کاکڑ

چیف ایڈیٹر عبدُالباقی کاکڑ

جلد:15 | بدھ 18 جمادی الثانی 1447ھ 10 دسمبر 2025ء 27 مگھر 2082ب صفحات :10 قیمت :30 روپے | شمارہ: 260

# ایمانداری سے فرائض سرانجام دینے والے آفیسر ماتھے کا جھومر ہیں، وفاقی محتسب

## ادارے کے فرض شناس آفیسر پاکستان کے طول وعرض اپنی ڈیوٹیاں سرانجام دیکر انصاف کے تقاضوں کو پورا کر رہے ہیں

## وفاقی محتسب دفاتر میں درخواست گزاروں کو انصاف بھی ملا اور انکے مسائل کو ان کی دہلیز پر حل بھی ہوئے، اعجاز احمد قریشی



لاہور (اپنے رپورٹر سے) فرائض کو ایمانداری سے اور بحسن و خوبی سرانجام دینے والے آفیسر ہمارے ماتھے کا جھومر ہیں جن کی حوصلہ افزائی وقت کی اہم ضرورت ہے۔ ایسے افسران ہمارا اثاثہ اور ادارہ کا وقار ہیں مجموعی کارکردگی نے ثابت کر دیا کہ ہمارے فرض شناس آفیسر جو پاکستان کے طول و عرض اپنی ڈیوٹیاں سرانجام دے کر نہ صرف انصاف کے تقاضوں کو پورا کر رہے ہیں جس سے عامتہ الناس کے اعتماد میں مزید وسعت آئی ہے۔ عام آدمی کا لفظ اور اس کی گہرائی کو وفاقی محتسب نے ثابت کیا ہے کہ وہ ہمارے لئے نہ صرف خاص بلکہ اس کی درخواست پر بہتر فیصلہ کر کے اسے اہمیت دی ہے۔ پھر وہ جس پریشانی سے دوچار ہوئے۔ وفاقی محتسب دفاتر میں ان درخواست گزاروں کو انصاف بھی ملا اور ان کے مسائل کو ان کی دہلیز پر حل بھی ہوئے۔ ان خیالات کا اظہار وفاقی محتسب اعجاز احمد قریشی نے وفاقی محتسب سیکرٹریٹ کے علاقائی دفتر لاہور میں ذرائع ابلاغ کے نمائندوں سے رسمی گفتگو کے دوران کیا۔ ان کا کہنا تھا کہ صارفین کی سادہ سی درخواست کو جتنی اہمیت وفاقی محتسب میں ہے جس کی مثال نہیں ملتی لیکن جس کی محرک ہماری صحافی برادری ہے جنھوں نے وفاقی محتسب کیساتھ ملکر شانہ بشانہ اپنے صحافتی ذمہ داریوں کو نبھایا بلکہ صارفین کے ہر مسئلہ کو اجاگر کرنے میں اپنا کردار ادا کیا ہے، ہمارے لئے یہ اعزاز کی بات ہے۔ اس سال وفاقی محتسب پاکستان کی طرف سے 9.46 ارب مالیت کے تنازعات کے فیصلوں کو وفاقی محتسب کے اعلیٰ افسران نے عملی جامعہ پہنایا۔ جبکہ صوبہ پنجاب کے علاقائی دفاتر میں اس سال اب تک الحمدللہ اب تک 102,189 شکایات کے فیصلے کئے گئے جو پچھلے برس کے مقابلے میں 21.42 فیصد زیادہ ہیں۔ یہ وفاقی محتسب کی کارگردگی بھی ہے اور خدمت کا سفر بھی جس پر ہمارے افسران کی عملی کارگردگی کا منہ بولتا ثبوت ہے جن کی شب و روز عملی کاوشوں کو سراہنا نہ صرف فرض ہے بلکہ انہیں بہتر کارکردگی پر شیلڈز سے بھی نوازا گیا ہے وہ ادارے کبھی روبہ زوال نہیں ہوتے۔ یہاں ایمانداری سے فرائض کو نبھانے کیلئے سب آفیسر بشمول تمام عملہ ایک پیج پر اپنی ڈیوٹیاں سرانجام دینے میں کوشاں ہیں۔ وفاقی محسب اعجاز احمد قریشی نے مزید بتاتے ہوئے کہا کہ آج کی تقریب علاقائی دفتر لاہور، فیصل آباد، سرگودھا، ملتان، بہاولپور، گوجرانوالہ، ساہیوال، اور ڈیرہ غازی خان کے افسران کے اعزاز میں منعقد کی گی جن کو میں نے بہترین کارگردگی پر نہ صرف سہرا ہا ہے بلکہ انہیں اعزازات اور ایوارڈز اور تعریفی اسناد سے بھی نوازا گیا ہے۔ یہ ایوارڈز خالصتاً میرٹ اور تسلسل سے نمایاں کارکردگی کی بنیاد پر دیئے گئے جس کے لئے وفاقی محتسب کے ادارے کی ایک اعلیٰ سطحی کمیٹی نے افسران و عملے کی کارکردگی کا جائزہ لینے کیلئے کافی سخت معیارات مقرر کئے تھے جن میں شکایات کی وصولی، فیصلوں کی تعداد، کھلی کچہریوں کا انعقاد، وفاقی دفاتر کے معائنے اور ان کے مثبت اثرات وغیرہ شامل تھے۔ جس پر وفاقی محتسب کے ضلعی افسران اور صوبائی سیکرٹریٹ میں تعینات افسران نے سائلین کے مسائل کا تدارک کر کے ایک مثال قائم کی ہے۔ مشرق کے سوال پر وفاقی محتسب اعجاز احمد قریشی نے کہا کہ سرکاری اداروں میں متاثرہ شہریوں کے دادرسی کو اگر اس ادارہ میں ہی حل کر دیا جائے تو اس میں نوکری کا وہ حق ادا ہو جاتا ہے۔ سرکاری دفاتروں میں افسران کو اپنی روش تبدیل کرنی چاہیے۔ تاکہ عام شہریوں کی شنوائی بھی ہو اور ان کے مسائل بھی وہیں حل ہوں۔ لیکن افسوس سے یہ کہنا پڑتا ہے کہ ان محکموں میں صارفین کی شکایات کو سنی ان سنی کر کے ردی کی ٹوکری کی نظر کر دیا جاتا ہے لیکن وفاقی محستب اور اس کے قیام کا اہم مقصد بھی عام شہریوں کو فوری انصاف کی فراہمی ہے۔ جس پر الحمدللہ وفاقی محتسب کا ادارہ دن و رات مصروف عمل ہے۔